## مقدس مرقس کی انجیل کا مقصد:

اس اِنجیل کا مقصد بھی مقدس متی رسول کی طرح لوگوں کو خُداوند یسوعؔ مسیح پر ایمان لانے کے لئے راغب کرنا ہے۔ انہوں نے اس اِنجیل میں خُداوند یسوعؔ مسیح کو کامل اور وفادار خادم کے طور پر پیش کرتا ہے۔

## کِن باتوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ خادمانہ اِنجیل ہے؟

ایک تو ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں کہ اس اِنجیل میں فی الفور لفظ کا استعمال اس بات کی تصدیق ہے۔ اس کے علاوہ اس اِنجیل میں:

کوئی نسب نامہ شامل نہیں

خُداوند یسوعؔ مسیح کی پیدایش کی تفصیل نہیں ہے

مجوسیوں کی آمد اور پرستش کا ذکر نہیں ہے

رومیوں کے نزدیک خادم یا غلام کے نسب نامہ کی ضرورت نہیں بلکہ اس کی حیثیت تب مانی جاتی ہے جب وہ کام شروع کرے۔

مرقس کا زور تعلیمات پر نہیں بلکہ کام پر ہے اس لئے اس اِنجیل میں پہاڑی واعظ کا ذکر نہیں، لمبی تقاریر نہیں، زیادہ تمثیلیں نہیں کیونکہ رومیوں کے نزدیک خادم باتیں نہیں بلکہ کام کرتا ہے۔

خُداوند یسوعؔ مسیح اکثر جب معجزات کرتے ہیں تو لوگوں سے کہتے ہیں کہ کسی کو نہ بتائیں۔

(Mark 1:44; 5:43; 7:36; Compare Mark 8:29-30; 9:9-10, 31-32)۔ کیونکہ خادموں کو ان کے کام کا کوئی کریڈٹ نہیں ملتا ۔ وہ خاموشی سے کام کرتا ہے (مرقس 5:35-43)۔

کئی دفعہ خدمت کے دوران ان کے پاس کھانے کا وقت نہیں تھا (مرقس 3:20؛ لوقا 7:17-10)۔

ؔبہت ساری اور باتیں بھی ہیں جو باقی تین اناجیل میں مل جاتی ہیں جبکہ اس اِنجیل میں موجودنہیں ہیں۔ جیسے بطور بادشاہ اس کی شان اقدس اوراختیار (مرقس32:13؛یوحنا15:15)۔ باغِ گتسمنی میں فرشتوں کو بُلانے کا ذکر مرقس میں نہیں ہے(متی53:26)۔تمام اختیارات اور قدرت کا ذکر جیسے (متی28:18)میں موجود ہے ویسے مقدس مرقس میں نہیں ہے۔

اس کتاب کا اِختتام اس بات پر ہوتا ہے کہ خُداوند یسوعؑ مسیح اب بھی اپنے پیروکاروں میں کام کررہے ہیں(مرقس19:16-20)۔

**مرقس کی اِنجیل کی اہمیت:**

یہ اِنجیل دُنیا کو بتاتی ہے کہ مسیحیت صرف بولنے تک محدودنہیں بلکہ یہ پریکٹیکل مذہب ہے۔

**مرقس کی معرفت اِنجیل کے بارے میں محققین کی آراء:**

کُچھ محققین کا ماننا ہے کہ اِنجیل کا آخری حصہ(مرقس9:16-20)مرقس کی اِنجیل میں شامل نہیں بلکہ اسے بعد میں شامل کیا گیا ہے۔بہرحال یہ Debatable ہے۔میں بس اتنا کہوں گا کہ لوگ چاہے اس حصہ کومرقس کی اِنجیل کا حصہ مانیں یا نہ مانیں یہ سمجھنا ضروری ہے کہ اِن آیات میں پائی جانے والی ہدایات نئے عہدنامہ کے دوسرے حصوں میں بھی موجود ہیں۔اس لئے یہ آیات کوئی مسیحی عقائد کے منافی نہیں ہیں۔

## مرقس کی انجیل کا ڈھانچہ Outline of Mark

ابتدائیہ Prologue (1:1-15)

گلیلی خدمت Galilean Ministry (1:16-8:21)

قیصریہ فلپی میں مسیح کا مُکاشفہ The Revelation of the Messiah in Caesarea Philpi (8:22-9:1)

خُداوند یسوؔع مسیح ،شاگردیت اور صلیب کی راہ Jesus, Discipleship and the way to Cross (52:10-2:9)

خُداوند یسوؔع مسیح یروشلیم میں Jesus in Jerusalem (44:12-1:11)

کوہِ زیتون کا واقعہ The Olivet Discourse (37-1:13)

خُداوند یسوؔع مسیح کے دُکھ The Passion of Jesus (39:15-1:14)

خُداوند یسوؔع مسیح کا مُردوں میں سے جی اُٹھنا The Resurrection (8-1:16)

مرقس کی سینڈوِچ ٹیکنیک:

اگرچہ صرف مرقس ہی وہ واحد مصنف نہیں جو اس طریقہ کا استعمال کرتا ہے لیکن وہ زیادہ تر اس کا استعمال کرتا ہے اسے Intercalation کہتے ہیں جس کا مطلب ہے دو چیزوں کے درمیان کسی چیز کو رکھنا۔ یہ ایک ایسی ٹیکنیک ہے جس میں دو کہانیوں کو ایک دوسرے کے اندر سمویا جاتا ہے۔ جیسے سینڈوچ کے اندر یعنی دو سلائسز کے اندر سبزی یا گوشت رکھا جاتا ہے۔ پہلی کہانی پہلا سلائس اور اس کے مکمل ہونے سے پہلے ایک اور کہانی کا آغاز جو گوشت یا سبزی کی مانند ہے اور اس کے بعد پہلی کہانی کا اختتام جو دوسرے سلائس کو پیش کرتا ہے۔

مثال کے طور (مرقس 11:12-25) میں ایک واقعہ بیان کیا گیا اور اسی میں (مرقس 11:12-14) ایک اور واقعہ بیان ہوا ہے (مرقس 11:15-18) اس واقعہ کا اختتام (مرقس 11:19-25)۔ یہ ہماری مدد کرتا ہے کہ مرقس واقعات کو کیسے جوڑتا ہے۔